Question Paper Serial No.

CCE-II-RR/PR/NSR/NSPR(B)/999/8016

**B**

**ಜೂನ್ 2024 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ - 2**

**JUNE 2024 EXAMINATION - 2**

# CCE RR/PR/ NSR/NSPR Reduced Syllabus

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**

**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

**(ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. / ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Regular Repeater / Private Repeater / NSR / NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 15. 06. 2024 ] [ Date : 15. 06. 2024

ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-15 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-15 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-15 A.M. to 1-15 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو ریورس جیکٹ سے سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا (تیر کے نشان کی اتّباع کیجئے)۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہیں کاٹنا ہے۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹِکٹ میں شائع کیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری (لازمی) ہے۔

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

15. 06. 2024

Tear here

**I.** درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو، کہلاتا ہے۔

(A) غیر مستقل کلمہ (B) مستقل کلمہ

(C) مہمل (D) حروف

2. معنوی اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

(A) ملول (B) رنجیدہ

(C) غمگین (D) غنی

3. حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف میں بیان کی گئی نظم، کہلاتی ہے۔

(A) غزل (B) رباعی

(C) حمد (D) نعت

4. جملہ کا وہ حصّہ جس میں کسی شخص یا چیز کا ذکر ہو۔

(A) مسند (B) مسندالیہ

(C) خبر (D) ضمیر

5. محاورہ ''آنکھیں کھل جانا'' کا مطلب یہ ہے۔

(A) حقیقت حال معلوم ہونا (B) مشق کرنا

(C) بہت خوش ہونا (D) غائب ہوجانا

6. وہ خطوط جو اپنے کنبے والوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو لکھے جاتے ہیں۔

(A) دفتری خط (B) سرکاری خط

(C) نجی خط (D) کاروباری خط

7. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع

(C) تخلص (D) بیت الغزل

8. ایسی نظم جو چار مصرعوں پر مشتمل ہو، کہلاتی ہے۔

(A) ردیف (B) غزل

(C) رباعی (D) حمد

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : 4 x 1 = 4

9. قدیم : جدید :: مشکل : .........

10. تعمیر : تعمیرات :: وقت : .........

11. دُور : فاصلہ :: دَور : .........

12. چراغ : مذکر :: چٹائی : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. معمارِ میسور کے نام سے کون مشہور ہے ؟

14. حضرت عائشہؓ کس کی صاحب زادی تھیں ؟

15. شفیع الامم سے مراد کون ہیں ؟

16. ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. حضرت عائشہؓ کے حجرے میں کون کون آرام فرما ہیں ؟

18. رامو کی کس بات کو سن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟

19. محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔

20. سر ایم وشویشوریا کومیسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا ؟

21. محمد علی جوہؔر کے والدین کا نام کیا تھا ؟

22. مولانا محمد علی جوہؔر کا سول سروس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟

23. ملّا نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالِم دوست نے کیا کیا ؟

24. ''پیغام یکجہتی''، نظم کے حوالے سے بتائیے کہ وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **9 x 3 = 27**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''اس نام کی کوئی مچھلی ہمارے پاس نہیں ہے۔''

26. ''کمرہ اتنا چھوٹا ہے کہ اس میں کسی خواب کے داخل ہونے کی گنجائش نہیں ہے۔''

27. ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) وہاب عندلیب (ii) کرشن چندر

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) اکبرؔ الہ آبادی (ii) مرزا غالبؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. رہا تُو تو اکثر الم ناک میرؔ
ترا طور کچھ خوش نہ آیا ہمیں

31. تماشائے دَیر وحرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

32. یاروں کی محبت کا یقین کر لیا میں نے

پھولوں میں چھپایا ہوا خنجر نہیں دیکھا

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

Cat is a domestic animal. Its nails are very sharp. Its favourite food is milk and fish.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی درسی کتاب میں شامل ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. علمِ طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر بوعلی سینا کے کیا کیا احسانات رہے ؟

یا

اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

**درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

36. ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ مالِ غنیمت میں ہر ایک کے حصّے میں ایک ایک چادر آئی۔ حضرت عمر فاروقؓ کے حصّے میں بھی ایک ہی چادر آئی تھی۔ چونکہ حضرت عمرؓ دراز قد تھے اس لئے ایک چادر میں آپؓ کا لباس تیار ہونا ناممکن تھا۔ حسب معمول جب عمرؓ نے ممبر پر کھڑے ہو کر لوگوں سے پوچھا کہ کیا تم میرا حکم مانو گے ؟ تو ایک شخص نے اٹھ کر کہا کہ تم خلافت کے قابل نہیں ہو، کیونکہ تم نے جو لباس پہنا ہے وہ لوٹ کی چادر کا ہے۔ اس لئے ہم تمہارا حکم نہیں مانیں گے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے اپنے فرزند سے کہا کہ حالت اصلی کی حقیقت تمہیں معلوم ہے تم ہی بیان کرو۔ ابنِ عمرؓ نے جواب دیا کہ اس میں میرے والد محترم کا کوئی قصور نہیں ہے۔ اس کے لئے میں نے اپنے حصّے کی چادر بھی اُنہیں دیدی تھی۔ یہ سن کر نکتہ چیں نے کہا کہ ''اے عمرؓ ہمیں حکم دیجئے ہم آپؓ کا حکم ضرور مانیں گے۔''

سوالات :

(i) ہر ایک حصّے میں کتنی چادریں آئیں ؟

(ii) حضرت عمرؓ کو ایک چادر میں لباس تیار ہونا کیوں ناممکن تھا ؟

(iii) حضرت عمرؓ نے ممبر پر کھڑے ہو کر لوگوں سے کیا پوچھا ؟

(iv) ابن عمرؓ نے لوگوں کو کیا جواب دیا ؟

<u>درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر **12** تا **15** جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :</u>

.37 (i) قومی یکجہتی

یا

(ii) میرا پسندیدہ کھیل

**VII.** <u>خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :</u> **1 x 5 = 5**

38. اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنی پڑھائی کے متعلق اُنہیں جانکاری دیجئے۔

یا

اپنے صدر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتا کر دو دن کی چھٹّی طلب کیجئے۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE